Session 11th
No 63
Date 19-2-2020
Department Health

تحریک استحقاق

قائمہ کمیٹی کے چیئر پرسن کی حیثیت سے، مجھے ایوان کے ذریعہ حوالہ کردہ امور، ایجنڈے پر موجود کام اور سو موٹو کے معاملات کو بھی کمیٹی میٹنگ میں زیر بحث لانا ہوتا ہے۔ میری ذمہ داری ہے کہ ان معاملات کو پیشہ ورانہ انداز میں نپٹاؤں، نہ صرف اپنے ضلع سے متعلقہ معاملات کو بلکہ پورے صوبے سے متعلق۔

یکم نومبر 2019 کو ایک غیر متعلقہ شخص نے ڈی ایچ او لوئر دیر کے ہمراہ قائمہ کمیٹی کے اجلاس میں شرکت کی، جس نے اجلاس کے دوران پوری کمیٹی ممبران اور اس وقت کے وزیر صحت ہشام انعام اللہ صاحب کے سامنے مجھ سے بدتمیزی سے برتاؤ کیا۔ ڈاکٹر شوکت ڈی ایچ او لوئر دیر نے یہ قبول کرنے سے انکار کردیا کہ غیر متعلقہ شخص ان کے ہمراہ تھا۔ بعد میں سی سی ٹی وی فوٹیج کے ذریعے تحقیق کرنے پر یہ ثابت ہوا کہ غیر سرکاری شخص درحقیقت ڈی ایچ او لوئر دیر کے ہمراہ اسمبلی گیٹ پر پہنچا تھا۔ اگلی میٹنگ میں ڈی ایچ او صاحب نے اعتراف کیا اور معافی مانگ لی، لیکن اب یہ مجھ پر لازم ہو گیا ہے کہ اس معاملے پر تحریک استحقاق پیش کروں، کیوں کہ وہ میرے اہل خانہ پر دباؤ ڈال رہا ہے اور میری زات پر بھی باتیں بنا رہا ہے۔ میری بیوہ والدہ پر دباو ڈال رہا ہے، اور میری سکون اور کام کو مختلف طریقوں سے پامال کیا جا رہا ہے۔ اگر میں ڈی آئی خان یا مردان کے معاملات اٹھا رہی ہوں تو یہ بھی مجھ پر لازم ہو جاتا ہے کہ میں اپنے ضلع کے بھی تمام امور کا نوٹس لوں۔

مذکورہ رویے اور ڈی ایچ او کے اس ناروا سلوک سے نہ صرف میرا بلکہ اس پورے معزز ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔

اور صوبائی اسمبلی (اختیارات، حفاظتی حقوق اور استحقاق) ایکٹ 1988 کے قاعدہ 24 کے تحت یہ اراکین اسمبلی کو ملنے والی استحقاق کی خلاف ورزی ہے۔

لہذا میری اس تحریک کو ایوان میں پیش کرنے کی اجازت دی جائے اور اسے باضابطہ قرار دیتے ہوئے مجلس استحقاق کے سپرد کیا جائے۔

منجانب سمیرا شمس (ایم پی اے)

PRIVILEGE MOTION

Session No. 11 Th
Notice No. 63
Received Time 4:30
Received Date 18/2/2020
From Mr. / Ms. سمیرا شمس MPA
Receiver Sign: